SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
December 23, 2019

ایس ای سی پی کی ڈیجیٹل انشورنس اور ریگولیٹری سینڈ باکس پر آگہی ورکشاپ

اسلام آباد (دسمبر 23): سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے انشورنس انڈسٹری کے فروغ کے لئے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کا استعمال اور اس حوالے سے دستیاب مواقعوں درپیش چیلنجز پر شراکت داروں سے مشارت لئے ''ڈیجیٹل انشورنس کا فروغ۔مواقع اور چیلنجز'' کے موضوع پر ایک ورکشاپ منعقد کی۔اس ورک شاپ کا مقصد سٹیک ہولڈرز کو مالیاتی اور خصوصاً انشورنس کے شعبے میں جدت اور ٹیکنالوجی کو متعارف کروانے کے لئے ریگولیٹری سینڈ باکس کے پلیٹ فارم کو استعمال کرنے کی ترغیب دینا تھا۔

ایس ای سی پی کے انشورنس ڈویژن کے کمشنر شوکت حسین نے شرکاء کا خیر مقدم کیا۔انہوں نے انشورنس سیکٹر کو مالی طور پر مستحکم کرنے اور ٹیکنالوجی کا بھرپور استعمال کرنے والے مستعد صنعت بنانے کے لئے ایس ای سی پی کے عزم کا اعادہ کیا۔ورک شاپ کا بنیادی مقصد بیمہ انڈسٹری کے مختلف سٹیک ہولڈرز کے مابین انشورنس کے فروغ کے لئے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے استعمال جت حوالے سے صلاح مشورہ اور مباحثوں کی حوصلہ افزائی کرنا تھا۔ورک شاپ میں انشورنس کمپنیوں، انشورنس بروکرز،، انشورٹیک/فن ٹیک کمپنیوں، نوجوان سٹارٹ اپس، اور تعلیمی اداروں سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی اور انشورنس انڈسٹری کی ترقی میں ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے استعمال کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔شرکاء نے ڈیجیٹل انشورنس کی ترقی میں حائل موجودہ رکاوٹوں اور مسائل اور ان کے حل پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

ایس ای سی پی کے کمشنر نے ورکشاپ میں موجود شرکاء کو نئے اور جدید آئیڈیاز متعارف کروانے کی حوصلہ افزائی کی ایسے نئے آئیڈیاز جن کو ایس ای سی پی کے ریگولیٹری سینڈ بکس میں تجرباتی طور پر متعارف کروایا جاسکتا ہے۔ورکشاپ کے شرکاء نے اس اہم موضوع پر مشاورت کا آغاز کرنے اور بیمہ انڈسٹرفی کے فروغ کے لئے اقدامات واصلاحات متعارف کروانے پر ایس ای سی پی کو سراہا۔